بہاولپور، لاہور، کراچی، آزاد کشمیر سے جلد اشاعت کا آغاز

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح

DAILY ASIA URDU MULTAN

روزنامہ ایشیاء اردو

ملتان پاکستان

ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

جلد نمبر 1 | منگل 15 ذوالحج 1444ھ 04 جولائی 2023ء 20 بار صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 206

وفاقی محتسب کے حکم سے بیوہ کو انشورنس کمپنی سے کلیم کا چیک مل گیا

زاہد ملک نے پندرہ دن کی قلیل مدت میں خاتون کو 14 لاکھ کا چیک دلوا دیا

ملتان (جنرل رپورٹر) بیوہ خاتون کی درخواست پر وفاقی محتسب ملتان آفس کے سینئر انوسٹیگیشن آفیسر زاہد ملک نے پندرہ دن کی قلیل مدت میں انشورنس کلیم کی مد میں مبلغ چودہ لاکھ روپے کا چیک خاتون کو دلوا دیا، جس پر خاتون نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اسکے خاوند شہزاد علی نے 2015 میں انشورنس پالیسی خریدی تھی جبکہ اسکی وفات 2020 میں ہوئی اس عرصہ سے اسٹیٹ لائف دفتر کے دھکے کھا رہی تھی، وفاقی محتسب کے آفس پہنچتے ہی 15 دن میں اسکی دادرسی کروائی گئی، اور اسے اسکے حق تک پہنچا گیا۔